**میپل لیف سیمنٹ فیکٹری لمیٹڈ**

**رجسٹرڈ دفتر: 42-لارنس روڈ، لاہور**

**فون:042-36278904-05**

**فیکس:042-36368721**

# اطلاع برائے غیر معمولی عام اجلاس

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ میپل لیف سیمنٹ فیکٹری لمیٹڈ (کمپنی) کے ارکان کا غیر معمولی عام اجلاس، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، 42 لارنس روڈ، لاہور پر بروز بدھ 31 دسمبر 2025ء کو صبح 11:00 بجے درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

**عام امور:**

مندرجہ ذیل ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کی جگہ 31 دسمبر 2025 کو شروع ہونے والی تین سالوں کی مدت کے لئے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کی پروویژنز کے مطابق، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے مقررہ کمپنی کے آٹھ (08) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا:۔

1)۔جناب طارق سعید سہگل　　2)۔جناب توفیق سعید سہگل

3)۔جناب ولید طارق سہگل　　4)۔جناب دانیال توفیق سہگل

5)۔محترمہ جہاں آراء سہگل　　6)۔سید محسن رضا نقوی

7)۔جناب شفیق احمد خان　　8)۔جناب ذوالفقار منو

**(آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلق ایکٹ کے سیکشن (3)166 کے تحت بیان نوٹس اجلاس ہذا کے ساتھ منسلک، شیئر ہولڈرز کو بھیجے جا رہے ہیں)۔**

**بحکم بورڈ (محمد اشرف)**

**کمپنی سیکرٹری**

**لاہور:......**

**10 دسمبر 2025ء**

**نوٹ:......**

1۔کمپنی کے ارکان کا رجسٹر 25 دسمبر 2025ء تا 31 دسمبر 2025ء (بشمول دونوں ایام) بند رہے گا۔منتقلیاں کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز ویژن کنسلٹنگ لمیٹڈ، 5-C، ایل ڈی اے فلیٹس، دوسری منزل، لارنس روڈ، لاہور میں 24 دسمبر 2025ء کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی EOGM میں شرکت اور حصص داران کے حق رائے دہی کے تعین کے لئے بروقت تصور ہونگی۔

2۔کوئی رکن جو ڈائریکٹر کے عہدہ کے انتخابات میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو، آیا کہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی دیگر، کو کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر 42-لارنس روڈ، لاہور میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے کا اپنا تحریری رضامندی نوٹس، اجلاس جس میں انتخابات منعقد ہونگے، کی تاریخ سے کم از کم چودہ یوم قبل جمع کرانا چاہیئے۔

(a) ایکٹ کے سیکشن (3)159 کی دفعات کے لحاظ سے خود کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے پیش کرنے کے ارادہ کا نوٹس معہ کمپنیز ریگولیشنز، 2024 کے فارم-9 پر مکمل اور دستخط شدہ ضمیمہ جس پر ایکٹ کے سیکشن 167 کے تحت بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی دی گئی ہے۔

(b) کمپنی کی ویب سائٹ پر چسپانگی کے لیے میلنگ ایڈریس کے ساتھ ایک تفصیلی پروفائل معہ دیگر ڈائریکٹرشپ اور دفتر رکھنے کی تفصیلات؛

(c) امیدوار کو ڈائریکٹرز کا انتخاب لڑنے کے ارادہ کا نوٹس داخل کرنے کے وقت کمپنی کا ممبر ہونا چاہیے، سوائے اس شخص کے جو کہ کسی ممبر کی نمائندگی کر رہا ہو، جو کہ فطری شخص نہیں ہے۔

(d) مؤثر CNIC / پاسپورٹ اور NTN کی تصدیق شدہ کاپی؛

(e) اس کا فولیو نمبر، CDC اکاؤنٹ نمبر/CDC ذیلی اکاؤنٹ نمبر؛

(f) آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 166 کے تقاضوں کے مطابق ہوگا۔کوئی بھی ممبر جو آزاد ڈائریکٹر کے طور پر مقابلہ کرنا چاہتا ہے وہ ڈیکلیریشن اور غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر انڈرٹیکنگ جمع کرائے گا کہ وہ کمپنیز ایکٹ، 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز، 2018 کے تحت مطلع کردہ اہلیت اور آزادی کے معیار پر پورا اترتا ہے۔

(g) ڈیکلیریشن جو اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ:

(i) وہ سیکشن 155 ملا کر پڑھیں لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے تحت سات سے زیادہ لسٹڈ کمپنیوں میں بیک وقت ڈائریکٹر کے طور پر خدمات سرانجام نہیں دے رہا ہے؛

(ii) وہ ایکٹ کے سیکشن 153 اور 177 یا ایکٹ کی کسی دیگر شق، قابل اطلاق قانون، قواعد یا ضوابط کے تحت لسٹڈ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے۔

(iii) وہ کمپنیز ایکٹ، 2017، سیکیورٹیز ایکٹ، 2015، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے لسٹنگ ریگولیشنز، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 اور تمام دیگر قابل اطلاق قوانین/قواعد/ضابطے/کوڈ وغیرہ کے تحت ڈائریکٹرز کے فرائض اور اختیارات سے واقف ہے۔

3۔اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا مستحق ممبر کسی دیگر ممبر کو بطور اپنا پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔سی ڈی سی بینیفشل اونرز اور پراکسی ہولڈرز اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز (CNIC) / پاسپورٹ لازماً ہمراہ لائیں۔بصورت پراکسی، سی ڈی سی بینیفشل اونرز اور پراکسی ہولڈرز پراکسی فارم کے ساتھ اپنے مؤثر CNIC/پاسپورٹ کی مصدقہ/نوٹرائزڈ کاپیاں لازماً منسلک کریں۔

4۔پراکسیاں تاکہ مؤثر ہوسکیں کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل لازماً وصول ہو جانی چاہئیں اور پراکسی فارم لازماً باقاعدہ مہر، دستخط اور گواہی شدہ ہونے چاہئیں۔ایک رکن ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرنے کا اہل نہیں ہوگا۔

5۔کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ معہ نمونہ دستخط (اگر پہلے مہیا نہیں کیا گیا) اجلاس کے وقت فراہم کیا جانا چاہیئے۔پراکسی کی صورت میں کارپوریٹ ادارہ کمپنی کو پراکسی فارم کے ہمراہ اجلاس کے لئے مطلوبہ دستاویزات بھی جمع کرائے گا۔

6۔ ایکٹ کے سیکشن 134 کی دفعات کے مطابق، اگر کمپنی کو جغرافیائی محل وقوع میں رہنے والے، مجموعی %10 یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھنے والے اراکین سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لیے رضامندی اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات دن پہلے وصول ہوتی ہے، تو کمپنی اس شہر میں اس سہولت کی دستیابی سے مشروط اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی۔

7۔اراکین سمارٹ فونز/ٹیبلیٹ کا استعمال کرتے ہوئے ویڈیو لنک کے ذریعے غیر معمولی عام اجلاس میں شرکت کر سکتے ہیں۔ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لیے اراکین اور ان کے پراکسیز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (دونوں اطراف)/ پاسپورٹ کی مؤثر کاپی، بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی (کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کی صورت میں) کی تصدیق شدہ کاپی کے ساتھ درج ذیل معلومات بذریعہ ای میل muhammad.ashraf@kmlg.com پر 29 دسمبر 2025 تک فراہم کر کے اپنے آپ کو رجسٹر کرائیں۔

| ممبر / پراکسی ہولڈر کا نام | فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | سیل نمبر/ واٹس ایپ نمبر | CNIC نمبر | ای میل آئی ڈی |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

8۔کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 اور نوٹیفائیڈ ترامیم کے تقاضوں کے مطابق، جہاں اُمیدواروں کی تعداد منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہے، اراکین کو پوسٹل بیلٹ

کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، جو کہ، مذکورہ بالا ریگولیشنز میں شامل تقاضوں اور طریقہ کار کے مطابق ڈاک کے ذریعے یا کسی بھی الیکٹرانک موڈ کے ذریعے ووٹنگ ہے۔

9۔کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق، کمپنی کے ممبران سے، اُن کے بہترین مفاد میں، ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔

10۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز، 2017 کے تقاضوں کے مطابق، شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک کی تفصیلات بشمول 24 ہندسوں کا انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) فراہم کریں تاکہ غیر دعویٰ شدہ ای-ڈیویڈنڈز وصول کئے جا سکیں۔ اس کے علاوہ، شیئر ہولڈرز اپنے غیر دعویٰ شدہ فزیکل ڈیویڈنڈز/ فزیکل شیئرز کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

11۔ فزیکل شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والے شیئر ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک اپنے مؤثر CNIC/NTN کی کاپی جمع نہیں کروائی ہے ان کو دوبارہ ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے مؤثر CNIC/NTN کی کاپی ہمارے شیئر رجسٹرار، ویژن کنسلٹنگ لمیٹڈ کو بھیجیں۔ CNIC/NTN کی کاپی بھیجتے وقت شیئر ہولڈرز کو اس پر اپنے متعلقہ فولیو نمبرز کا حوالہ دینا چاہیے تاکہ کمپنی فزیکل ڈیویڈنڈ وارنٹس جاری کرنے کے لئے کمپنیز ایکٹ 2017 اور اس کے تحت جاری کردہ SROs کے تقاضوں کی تعمیل کر سکے۔

12۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 185 کے تحت ممانعت کے پیش نظر، کمپنی اجلاس میں اپنے اراکین میں کسی بھی شکل میں تحائف تقسیم نہیں کرے گی۔

13۔اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتوں میں کوئی بھی تبدیلی فوری طور پر مطلع کریں۔ سی ڈی سی کے فائدہ مند مالکان جو اپنے حصص کو الیکٹرانک شکل میں برقرار رکھتے ہیں ان کے پتے اُن کے پارٹیسپنٹ یا سی ڈی سی انویسٹرا اکاؤنٹ سروسز کے ہاں اپ ڈیٹ کرائے جائیں۔

14۔نوٹس اجلاس ممبران کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے تقاضوں کے مطابق ان کے رجسٹرڈ پتے پر بھیجا جا رہا ہے اور ان شیئر ہولڈرز کو ای میل کیا جا رہا ہے جنہوں نے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اپنی مؤثر ای میل آئی ڈی فراہم کی ہیں۔ مزید، نوٹس اجلاس کمپنی کی ویب سائٹ: www.kmlg.com پر بھی پوسٹ کر دیا گیا ہے۔ مزید برآں، نوٹس کو انگریزی اور اردو زبانوں میں متعلقہ زبان کے روزنامہ اخبار میں شائع کیا گیا ہے جو ملک بھر میں ترسیل رکھتے ہیں۔

15۔ممبران، جو ای میل کے ذریعے EOGM نوٹس وصول کرنا چاہتے ہیں، ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ای میل آئی ڈیز کو اپ ڈیٹ کریں۔

16۔کسی بھی سوال/معلومات کے لیے، شیئر ہولڈرز مذکورہ رجسٹرڈ آفس اور/ یا شیئر رجسٹرار کے مینیجر، ویژن کنسلٹنگ لمیٹڈ، 5-C، LDA فلیٹس، 2nd فلور، لارنس روڈ، لاہور، فون نمبر (042) 36283096-97 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

### کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)166 کے تحت مادی حقائق کا بیان

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)166 کے تقاضوں کے مطابق، آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب اسی طرح کیا جائے گا جس طرح کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 159 کے مطابق دوسرے ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

کمپنی ڈیٹا بینک سے کسی ایسے شخص کو منتخب کرنے سے پہلے پوری مستعدی سے کام کرے گی کہ اُمیدوار کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)166 میں بیان کردہ آزادی کے معیار پر پورا اُترتے ہیں اور وہ اہل اور تجربہ کار ہیں۔

امیدواروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ڈائریکٹرز کی تقرری/انتخاب سے متعلق متعلقہ دفعات/ضروریات کو پڑھیں، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز، 2018 میں ذکر کیا گیا ہے اور اس کی مکمل طور پر تعمیل کو یقینی بنائیں۔

ڈائریکٹرز کو مذکورہ کاروبار میں براہ راست یا بالواسطہ کوئی دلچسپی نہیں ہے سوائے اس کے کہ وہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے رضامندی دے سکتے ہیں۔

### کمپنیز (انویسٹمنٹ اِن ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز، 2017 کے ریگولیشن (2)4 کے تحت بیان:

| سرمایہ کار کمپنی کا نام | کوہ نور ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ (KTML) | میپل لیف کیپٹل لمیٹڈ (MLCL) |
|---|---|---|
| منظور شدہ کل سرمایہ کاری: | 16 اکتوبر 2025 کو منعقدہ AGM میں ممبران نے ایک (01) سال کی مدت کے لیے 1,000 ملین روپے تک کے قرضوں/ پیشگیوں کی منظوری دی تھی۔ | 16 اکتوبر 2025 کو منعقدہ AGM میں ممبران نے ایک (01) سال کی مدت کے لیے 1,000 ملین روپے تک کے قرضوں/ پیشگیوں کی منظوری دی تھی۔ |
| آج تک کی گئی سرمایہ کاری کی رقم: | ابھی تک سرمایہ کاری نہیں کی گئی ہے۔ | MLCL کو 750 ملین روپے دیئے گئے جو واپس کر دیئے گئے۔ |
| اب تک مکمل سرمایہ کاری نہ کرنے کی وجوہات جہاں قرارداد کو مخصوص وقت میں لاگو کرنے کی ضرورت ہے: | کمپنی KTML کی درخواست پر KTML کی ورکنگ کیپیٹل کی ضروریات کے مطابق وقتاً فوقتاً فنڈز فراہم کرے گی۔ | کمپنی MLCL کی درخواست پر MLCL کی ورکنگ کیپیٹل کی ضروریات کے مطابق وقتاً فوقتاً فنڈز فراہم کرے گی۔ |
| ایسی کمپنی میں سرمایہ کاری کی منظوری کے لیے منظور شدہ قرارداد کی تاریخ سے متعلقہ کمپنی یا اس سے وابستہ انڈرٹیکنگ کے مالیاتی گوشواروں میں مواد کی تبدیلی: | 30 جون 2025 مختتمہ سال کے مالیاتی گوشواروں کے مطابق، 1,000 ملین روپے کے قرضوں/ پیشگیوں کی منظوری کے وقت، بنیادی آمدنی فی حصص 10.21 روپے اور بریک اپ ویلیو فی حصص 96.62 روپے تھی۔ 30 ستمبر 2025 مختتمہ مدت کے لیے تازہ ترین مالیاتی گوشواروں کے مطابق، بنیادی آمدنی فی حصص 0.49 روپے اور بریک اپ ویلیو فی حصص 24.25 روپے ہے۔ | 30 جون 2025 مختتمہ سال کے مالیاتی گوشواروں کے مطابق، 1,000 ملین روپے کے قرضوں/ پیشگیوں کی منظوری کے وقت، بنیادی آمدنی فی حصص 28.65 روپے اور بریک اپ ویلیو فی حصص 63.01 روپے تھی۔ 30 ستمبر 2025 مختتمہ مدت کے لیے تازہ ترین مالیاتی گوشواروں کے مطابق، بنیادی آمدنی فی حصص 35.31 روپے ہے اور بریک اپ ویلیو فی حصص 98.31 روپے ہے۔ |